ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہوں

لندن کے شہریو! سب سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہیں۔ یہ صرف چند منٹ لیتا ہے، اگر آپ جائیں:
www.gov.uk/register-to-vote

یہاں رجسٹر کریں !

رجسٹر ہونے کے لیے آپ کی عمر کم از کم 16 سال یا اس سے زیادہ ہونی چاہیے۔
آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہو سکتے ہیں اگر آپ :

- ایک برطانوی شہری یا آئرش شہری ہوں
- ایک کامن ویلتھ کے اہل شہری ہوں
- ایک اہل یورپی یونین کے شہری ہوں: ڈنمارک، لکسمبرگ، پولینڈ، پرتگال یا اسپین کے شہری
- ایک ایسے یورپی یونین کے شہری ہوں جنہیں برقرار حقوق حاصل ہیں: یعنی کسی دوسرے یورپی ملک کے وہ شہری جنہیں 31 دسمبر 2020 سے برطانیہ میں رہنے یا داخلے کی اجازت حاصل ہے، اور یہ اجازت مسلسل برقرار رہی ہو۔

لندن میں تین اقسام کے انتخابات ہوتے ہیں:



مقامی/بورو کے انتخابات

عام/پارلیمانی انتخابات

لندن کے میئر اور لندن اسمبلی کے انتخابات

برطانوی، آئرش اور اور کامن ویلتھ کے اہل شہری لندن کے میئر / لندن اسمبلی کے انتخابات، عام / پارلیمانی انتخابات، اور مقامی / بورو کے انتخابات میں ووٹ دینے کے اہل ہیں۔

یورپی یونین کے اہل شہری یا وہ یورپی یونین کے شہری جنہیں برقرار حقوق حاصل ہیں، اور جن کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے، لندن کے میئر / لندن اسمبلی اور مقامی / بورو کے انتخابات میں ووٹ دینے کے اہل ہیں۔

منظور شدہ فوٹو ID کی اقسام

پولنگ اسٹیشن پر بذاتِ خود ووٹ دینے کے لیے آپ کئی قسم کی منظور شدہ فوٹو ID ساتھ لا سکتے ہیں۔

اسکی چند مثالیں درج ذیل ہیں:

- UK، چینل آئی لینڈز یا یورپی اکنامک ایریا (EEA) کا ڈرائیونگ لائسنس
- UK، کامن ویلتھ یا EEA کا پاسپورٹ
- کسی EEA ریاست کی جانب سے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ
- بایومیٹرک امیگریشن دستاویز (جس میں eVisa بھی شامل ہے)
- بلیو بیج اسکیم کارڈ
- 60+ اویسٹر فوٹو کارڈ یا فریڈم پاس
- ایسا شناختی کارڈ جس پر پروف آف ایج اسٹینڈرڈز اسکیم (PASS) کا ہولوگرام ہو
- وزارتِ دفاع کا فارم 90 (ڈیفنس شناختی کارڈ) اور فارم 100 (HM آرمڈ فورسز ویٹرن کارڈ)

اگر آپ کے پاس ووٹ دینے کے لیے ان میں سے نہیں ہے، تو آپ ID کوئی بھی منظور شدہ فوٹو مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفیکیٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں :

www.gov.uk/apply-for-photo-id-voter-authority-certificate

یہاں درخواست دیں !